نے بھی تقریر فرمائی اور آخر میں آپ نے اختتامی دعا فرمائی۔ اس کے علاوہ اس سال ۱۶، ۷ اجنوری کو بمطابق ۲۸، ۲۹ رمضان المبارک کو ایوان شریعت ہال میں حسب سابق شبینہ ختم القرآن منعقد ہوئی۔ اکوڑہ خٹک کے مشہور و معروف حافظ منظور احمد صاحب نے بمع دیگر حفاظ کرام کے قرآن سنانے کی سعادت حاصل کی۔ حافظ منظور صاحب کئی سالوں سے اس شبینہ کا اہتمام کرتے ہیں تقریب کے آخر میں مولانا حامد الحق صاحب اور مولانا راشد الحق صاحب نے آخری دعائی لمحات میں شرکت کی۔

دار العلوم کے تعلیمی سال کا آغاز : حسب سابق دار العلوم کے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے اور طلباء کی ایک کثیر تعداد دار العلوم کے مختلف درجات میں داخلہ کیلئے آئی ہے۔ اور انشاء اللہ چند دنوں میں دار العلوم کا باضابطہ افتتاح ہونے والا ہے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ افتتاحی تقریب کا آغاز کرینگے۔ داخلہ میں طلباء کے تعلیمی معیار کو پرکھنے کیلئے انتہائی سخت داخلہ ٹیسٹ رکھے جاتے ہیں۔ اسی طرح طلباء کے اخلاق کردار اور شکل و صورت کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔

قومی خدمت ایک عبادت ہے
اور
سروس انڈسٹریز اپنی صنعتی پیداوار کے ذریعے
سال ہا سال سے اس خدمت میں مصروف ہے
Servis